## سوال

(117)جب نمازی یہ محسوس کرے کہ کوئی چیز خارج ہوئی ہے تو۔۔۔؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب میں نماز کےلئے وضو کرتا ہوں تودوران وضویوں محسوس ہوتا ہے کہ عضو تناسل سے کوئی چیز نکل رہی ہے توکیا اس کے یہ معنی ہیں کہ میں ناپاک ہوگیا ہوں یا نہیں؟اگرمیں نماز پڑھتے ہوئے اس طرح محسوس کروں تواس سے میری نماز باطل ہوجائے گی یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نمازی کے یہ محسوس کرنے سے کہ اس کی دبر یا قبل سے کوئی چیز خارج ہوئی ہے وضو باطل نہیں ہوتا،لہذا اس کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ شیطانی وسوسہ ہے۔نبی کریم ﷺسے اس طرح کی صورت حال کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا کہ ''اس وقت تک نماز نہ توڑے جب تک آواز نہ سن لے یا بدبو محسوس نہ کرے۔''(متفق علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[مقالات وفتاویٰ](#)

# ص247

محدث فتویٰ